روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 13 نومبر 2008ء 14 ذیقعد 1429 ہجری 13 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 260

تیر نہ لگیں

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں سے گزر رہا تھا اس کے پاس تیر تھے۔ رسول اللہؐ نے اسے دیکھا تو فرمایا۔

تیروں کو ان کے پھلوں سے پکڑو۔ (تاکہ کسی کو لگ نہ جائیں)

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب یا خذ بنصول النبل حدیث نمبر:432)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں دیکھتا ہوں کہ جماعت میں باہم نزاعیں بھی ہو جاتی ہیں اور معمولی نزاع سے پھر ایک دوسرے کی عزت پر حملہ کرنے لگتا ہے اور اپنے بھائی سے لڑتا ہے۔ یہ بہت ہی نامناسب حرکت ہے۔ یہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ ایک اگر اپنی غلطی کا اعتراف کرلے تو کیا حرج ہے۔

بعض آدمی ذرا ذرا سی بات پر دوسرے کی ذلت کا اقرار کئے بغیر پیچھا نہیں چھوڑتے۔ ان باتوں سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ خدا تعالیٰ کا نام ستار ہے۔ پھر یہ کیوں اپنے بھائی پر رحم نہیں کرتا اور عفو اور پردہ پوشی سے کام نہیں لیتا۔ چاہئے کہ اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اس کی عزت و آبرو پر حملہ نہ کرے۔

ایک چھوٹی سی کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ ایک بادشاہ قرآن لکھا کرتا تھا۔ ایک ملا نے کہا کہ یہ آیت غلط لکھی ہے بادشاہ نے اس وقت اس آیت پر دائرہ کھینچ دیا کہ اس کو کاٹ دیا جائے گا۔ جب وہ چلا گیا تو اس دائرہ کو کاٹ دیا۔ جب بادشاہ سے پوچھا کہ ایسا کیوں کیا تو اس نے کہا کہ دراصل وہ غلطی پر تھا مگر میں نے اس وقت دائرہ کھینچ دیا کہ اس کی دلجوئی ہو جاوے۔

یہ بڑی رعونت کی جڑ اور بیماری ہے کہ دوسرے کی خطا پکڑ کر اشتہار دے دیا جاوے۔ ایسے امور سے نفس خراب ہو جاتا ہے اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ غرض یہ سب امور تقویٰ میں داخل ہیں اور اندرونی بیرونی امور میں تقویٰ سے کام لینے والا فرشتوں میں داخل کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں کوئی سرکشی باقی نہیں رہ جاتی۔ تقویٰ حاصل کرو کیونکہ تقویٰ کے بعد ہی خدا تعالیٰ کی برکتیں آتی ہیں۔ متقی دنیا کی بلاؤں سے بچایا جاتا ہے۔ خدا ان کا پردہ پوش ہو جاتا ہے جب تک یہ طریق اختیار نہ کیا جاوے کچھ فائدہ نہیں۔ ایسے لوگ میری بیعت سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ فائدہ ہو بھی تو کس طرح جب کہ ایک ظلم تو اندر ہی رہا۔ اگر وہی جوش، رعونت، تکبر، عجب، ریاکاری، سریع الغضب ہونا باقی ہے جو دوسروں میں بھی ہے تو پھر فرق ہی کیا ہے؟..........

پس یاد رکھو کہ چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھائیوں کو دکھ دینا ٹھیک نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمیع اخلاق کے متمم ہیں اور اس وقت خدا تعالیٰ نے آخری نمونہ آپ کے اخلاق کا قائم کیا ہے۔ اس وقت بھی اگر وہی درندگی رہی تو پھر سخت افسوس اور کم نصیبی ہے۔ پس دوسروں پر عیب نہ لگاؤ کیونکہ بعض اوقات انسان دوسرے پر عیب لگا کر خود اس میں گرفتار ہو جاتا ہے اگر وہ عیب اس میں نہیں لیکن اگر وہ عیب سچ مچ اس میں ہے تو اس کا معاملہ پھر خدا تعالیٰ سے ہے۔

بہت سے آدمیوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں پر معاً ناپاک الزام لگا دیتے ہیں۔ ان باتوں سے پرہیز کرو۔ بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچاؤ اور اپنے بھائیوں سے ہمدردی۔ ہمسایوں سے نیک سلوک کرو۔ اور اپنے بھائیوں سے نیک معاشرت کرو اور سب سے پہلے شرک سے بچو کہ یہ تقویٰ کی ابتدائی اینٹ ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 571)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
''نمازوں کے وقت دکانیں کھلی نہیں ہونی چاہئیں۔''
(مشعل راہ جلد اول صفحہ 283)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی کا موقع

قرآنی تعلیمات کی رو سے بے سہارا افراد، بیواؤں اور غرباء کی ضروریات پوری کرنا خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے کا بہترین زینہ ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 106 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح پونے چھ صد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

دارالضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہش مند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

قربانی بکرا	-/7000 روپے
قربانی حصہ گائے	-/3500 روپے

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس 2008ء کا UPDATE

نظارت تعلیم کے زیرانتظام میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات 2008ء میں زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے کیلئے مورخہ 9/نومبر 2008ء تک موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق Update شائع کیا جارہا ہے۔

میاں محمد صدیق بانی میٹرک انعامی سکالرشپ

امتحان میٹرک

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم	حاصل کردہ نمبر	بورڈ	کیفیت
1	سائنس گروپ	محمد عادل افضل ابن مکرم محمد افضل صاحب	817	فیصل آباد	بورڈ میں اول پوزیشن ہے
2	جنرل گروپ				تا حال کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و انعامی سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم	حاصل کردہ نمبر	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	فلاح الدین شہریار ابن جمال الدین نور صاحب	946	فیصل آباد	
2	پری میڈیکل	حنا کشور بنت مکرم محمد اعجاز صاحب	1005	فیصل آباد	بورڈ میں دوسری پوزیشن ہے
3	جنرل گروپ	آمنہ سلیم بنت مکرم ڈاکٹر محمد سلیم صاحب	942	فیصل آباد	

صادقہ فضل سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم	حاصل کردہ نمبر	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	ندا ریاض بنت ریاض احمد صاحب	942	کراچی	
2	پری انجینئرنگ	وردہ فاطمہ بنت ہارون شریف رندھاوا صاحب	928	اسلام آباد	
3	پری میڈیکل	ماہم منصور رانا بنت مکرم سجاد منصور صاحب	977	فیصل آباد	
4	پری میڈیکل	ہشام احمد فرحان ابن مبشر احمد خالد صاحب	966	فیصل آباد	
5	جنرل گروپ	عائشہ بنت فصیح الدین صاحب	912	ملتان	

خورشید عطاء سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم	حاصل کردہ نمبر	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	طیبہ محبوب بنت محبوب احمد صاحب	923	اسلام آباد	
2	پری میڈیکل	رضاء المحسن ابن تنویر احمد موہر صاحب	959	فیصل آباد	
3	جنرل گروپ	قاضی رضوان ابن قاضی عبدالشکور صاحب	896	لاہور	
4	جنرل گروپ	سالک احمد ابن مشتاق احمد صاحب	839	فیصل آباد	

سندس باجوہ سکالرشپ

(صرف ان طلباء و طالبات کیلئے جن کے MBBS میں داخلہ جات ہو چکے ہیں)

نمبر شمار	نام طالب علم/طالبہ	حاصل کردہ نمبر	بورڈ	کیفیت
1				تا حال کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی
2				تا حال کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی

ضروری نوٹ: سندس باجوہ سکالرشپ کیلئے ایسے طلباء و طالبات کی درخواستیں زیر غور لائی جائیں گی جنہوں نے MBBS میں داخلہ لیا ہو۔ مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم سے لی جاسکتی ہیں۔ تمام سکالرشپس میں اس سے زیادہ نمبر موصول ہونے کی صورت میں یہ Update تبدیل ہو جائے گا۔ درخواست بھجوانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2008ء ہے۔ فون نمبر: 047-6212473

(نظارت تعلیم)

مکرم وسیم احمد سروعہ صاحب

بوسنیا میں خلافت جوبلی پروگرام

27 مئی 2008ء کے پروگرام

صبح نماز تہجد ادا کی گئی نماز فجر کے بعد درس قرآن دیا گیا۔ بوسنیا میں جماعت جرمنی کی طرف سے سات قربانیاں کی گئیں جو سرا ایو و میں کی گئیں اور احباب کے مشورہ کے مطابق ان کا گوشت دو پبلک کمپنیوں کو دیا گیا جو روزانہ غرباء کو مفت کھانا کھلاتے ہیں اس کے علاوہ ایک دوسرے شہر D-Uakuf میں تین قربانیاں کی گئیں جن کا گوشت مختلف گھروں میں تقسیم کیا گیا اس طرح دس قربانیاں کی گئیں۔ مشن ہاؤس کو چند دن پہلے سفیدی کر کے صفائی کے ساتھ خوبصورت بنایا گیا اور بینرز بھی لگوائے گئے قربانیوں سے فارغ ہونے کے بعد دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ بچوں میں ٹافیاں کیک وغیرہ تقسیم کئے گئے نیز بیت الذکر میں پہلی دفعہ لوائے احمدیت اور بوسنیا کا جھنڈا الہرایا گیا خاکسار نے لوائے احمدیت اور جرمنی سے وقف عارضی پر آئے ہوئے دوست مکرم شکور اسلم صاحب نے بوسنیا کا جھنڈا لہرایا اور اجتماعی دعا کروائی گئی۔

لندن میں منعقد ہونے والے خلافت جوبلی کے جلسہ کو براہ راست دیکھنے کا انتظام کیا گیا حضور انور کے خطاب کا ترجمہ خاکسار ساتھ ساتھ کرتا رہا جو احباب نے پوری دلجمعی کے ساتھ سنا۔ خلافت جوبلی کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ کے پیغام کا ترجمہ پہلے ہی دیدہ زیب اور خوبصورت انداز میں طبع کروالیا گیا تھا جو اس دن تقسیم کیا گیا خدا کے فضل سے تمام پروگرام بہت کامیاب رہا۔

آٹھواں جلسہ سالانہ بوسنیا

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ بوسنیا کا آٹھواں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ کے سینٹر میں مورخہ 8 جون 2008ء کو منعقد ہوا۔ صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے یہ تاریخی جلسہ تھا مختلف جگہوں سے احباب کو لانے کا انتظام کیا گیا۔

مورخہ 8 جون کو صبح 8 بجے مہمانوں کی آمد شروع ہوئی جنہیں ناشتہ پیش کیا گیا۔ دس بجے سے کچھ پہلے لوائے احمدیت اور بوسنیا کا جھنڈا لہرایا گیا۔ لوائے احمدیت خاکسار نے اور بوسنیا کا جھنڈا مکرم دینوشابوچ صاحب Dino Sabovi نے لہرایا اور مکرم امیر صاحب جرمنی نے دعا کروائی۔

لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب کے فوراً بعد جلسہ کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کا بوسنین میں ترجمہ مکرم عدوین بائرک تاروچ نے کیا اس کے بعد ایک نظم پڑھی گئی نظم کے بعد مکرم دینوشابوچ صاحب نے تقریر کی جو خلافت راشدہ کے موضوع پر تھی۔ اس کے بعد مکرم آنل آلچ نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خلافت جوبلی کے حوالے سے پیغام پڑھ کر سنایا یہ پیغام ہم نے خوبصورت اور دیدہ زیب انداز میں طبع بھی کروایا تھا جو احباب میں تقسیم بھی کیا گیا۔ اس کے بعد خاکسار نے خلافت کی برکات کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم موسیٰ رستمی صاحب صدر جماعت کوسوو نے مختصر خطاب میں بوسنیا کے جلسہ پر پہلی بار شرکت کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ اس کے بعد سوال و جواب کا پروگرام ہوا جس میں مختلف احباب نے بعض سوالات کئے جن کے جوابات مکرم امیر صاحب جرمنی مکرم مشنری انچارج صاحب جرمنی اور خاکسار نے دیئے۔ اس کے بعد کھانے اور نماز ظہر کا وقفہ ہوا۔

وقفہ کے بعد جلسہ کا دوسرا دور تلاوت قرآن مع ترجمہ سے شروع ہوا۔ محترم حیدر علی صاحب ظفر مشنری انچارج جرمنی نے خطاب فرمایا جس کا بوسنین زبان میں ترجمہ مکرم دینوشابوچ نے کیا جس میں انہوں نے نماز کی اہمیت بتائی اور اس حوالے سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے مختلف اقتباسات بھی سنائے۔ اس کے بعد ایک نظم پیش کی گئی اس کے بعد مکرم فاہدیہ صاحب نے خلفائے احمدیت کے دعا اور نماز کے بارہ میں ارشادات کی روشنی میں خطاب کیا اور ساتھ خلفاء کے مختصراً حالات زندگی بھی بتائے۔ جلسہ کی آخری تقریر مکرم امیر صاحب جرمنی کی تھی جس میں انہوں نے احباب کو مختلف ضروری امور کی طرف متوجہ فرمایا خلافت جوبلی کے حوالے سے جرمنی میں ہونے والے پروگراموں کا ذکر کیا وہاں سو بیوت الذکر سکیم کا ذکر کیا بوسنیا کے جلسہ میں شامل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا ان کی تقریر جرمن زبان میں تھی جس کا ترجمہ مکرم دینوشابوچ نے کیا دعا سے قبل خاکسار نے تمام احباب اور ڈیوٹی دینے والے احباب کا شکریہ ادا کیا اور مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور یہ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ جلسہ میں کل 131 افراد نے شرکت کی۔ احباب جماعت سے بوسنیا میں جماعت کی ترقی کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔ تمام کاروباری احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

پاکستان کے پہلے نوبیل لاءریٹ ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں اخبارات کے چند اقتباسات

جواب نہیں

جناب جیون خانصاحب روزنامہ جنگ کے معروف کالم نگار اپنے کالم جہاں چناب بہتا ہے کے عنوان سے ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں لکھتے ہیں

جھنگ صدر (مگھیانہ) سے جھنگ شہر جو کسی زمانہ میں سیالوں کی راجدھانی تھا......سڑک کے کنارے گورنمنٹ ہائی سکول اور ساتھ ہی گورنمنٹ کالج واقع ہیں کالج کو یہ فخر حاصل ہے کہ پاکستان کے واحد نوبیل انعام یافتہ نامور سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام یہیں رہتے رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا خاندان جھنگ شہر میں آباد تھا والد صاحب محکمہ تعلیم کے ضلعی دفتر میں ملازم تھے کثیر الاولاد تھے باقی بچے بھی پڑھے۔ پڑھائی میں ماشاء اللہ ٹھیک ہی تھے۔ عبدالسلام کا البتہ جواب نہیں تھا۔ بلا کی ذہانت پائی تھی۔ ہمیشہ اول آئے جہاں بھی گئے کامیابی قدم چومتی رہی۔ بہت ترقی کی بعد میں زیادہ وقت مغرب میں ہی گزرا۔ جھنگ البتہ ان کی نس نس میں بسا رہا۔ ماں بولی پر تو مرمٹتے تھے۔ جب بھی پاکستان میں ہوتے یا باہر کسی ''اپنے'' سے ملتے تو ٹھیٹھ مقامی لہجہ میں (جسے آبادکار جانگلی) کہتے ہیں اور جو سرائیکی کی ذرا کرخت شکل ہے بات کرتے۔ ہیئت کذائی بھی نہیں بدلی تھی۔ آخری سالوں میں عاجزی، انکساری کی حدود کو چھونے لگی تھی ......ڈاکٹر صاحب جھنگ کو کبھی نہیں بھولے تھے۔ نوبیل انعام ملا تو رقم سے جھنگ کالج میں فزکس کی نئی تجربہ گاہ تعمیر کرائی اور گورنر سے کہہ کر وہاں فزکس میں ایم ایس سی کلاسز کا اجراء کرایا۔ یہ خشت اول تھی آہستہ آہستہ اور مضامین میں بھی ایم اے، ایم ایس سی کی تعلیم کی منظوری ملتی گئی۔

(جہاں چناب بہتا ہے از جیون خان جنگ 23 دسمبر 2001ء)

وہ ادارہ ساز تھے

پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر جناب مجاہد کامران نے ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں اپنے انٹرویو میں بیان کیا۔

سوال :۔ کوئی ایسی شخصیت جس سے آپ متاثر ہوں۔

جواب :۔ میں سمجھتا ہوں میرے والد کے علاوہ اور لوگوں سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ ان میں ایک پروفیسر عبدالسلام ہیں......

پروفیسر عبدالسلام ان کا مقام نوبیل انعام یافتہ سائنس دانوں میں بھی بہت بلند ہے ان میں بے پناہ صلاحیتیں تھیں انہیں مشرق ومغرب کی تاریخ پر عبور حاصل تھا۔ وہ ادارہ ساز تھے اور بہت اچھا لکھتے تھے۔

مجھے ڈاکٹر محمد افضل جو وفاقی وزیر تعلیم تھے انہوں نے بتایا تھا کہ جب میاں نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب تھے تو پروفیسر عبدالسلام نے ان سے کہا کہ تم مجاہد کامران کو پنجاب یونیورسٹی کا وائس چانسلر کیوں نہیں بناتے۔

(جنگ سنڈے میگزین 10 فروری 2008ء صفحہ 13)

تضاد نہیں

ایک طالب علم ڈاکٹر عبدالسلام کے ساتھ نماز میں شامل ہو گیا کچھ دیر کے بعد ان میں بات چیت ہوئی۔

سر کیا مذہب اور سائنس میں تضاد نہیں؟

''نہیں سائنس اور مذہب دو الگ الگ دنیاؤں سے تعلق رکھتے ہیں مذہب کا تعلق انسانی سوچ کی اندرونی دنیا سے ہے اور یہ چیز ایمان کو چاہتی ہے جبکہ سائنس کا تعلق بیرونی مادی دنیا سے ہے۔ جس کی بنیاد دلائل پر ہے اور اگر ہم یہ یقین رکھیں کہ کائنات خدا نے بنائی ہے تو پھر مذہب اور سائنس میں نہ کوئی اختلاف ہے اور نہ کبھی ہوسکتا ہے۔

میں ایک سائنس دان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک پکا......بھی ہوں کیونکہ میں قرآن کے روحانی پیغامات پر یقین رکھتا ہوں اور یہ قرآن ہی ہے جو ہمیں سائنسی علوم کے ذریعے مظاہر فطرت پر آگاہی بخشتا ہے۔ (گریٹ سائنٹسٹ عبدالسلام صفحہ 45-44)

پاکستان کا ایٹم بم اور عبدالسلام

پاکستان کی قومی اسمبلی 1973ء کے سپیکر اور بھٹو کے قریبی ساتھی صاحبزادہ فاروق علی اپنی کتاب میں پاکستان ایٹمی توانائی اور ایٹم بم کے بارے میں لکھتے ہیں۔

''بھٹو نے اقتدار سنبھالنے کے فقط ایک ہی ماہ بعد 2 جنوری 1972ء کو ملتان میں بعض ماہرین کا ایک خصوصی اجلاس منعقد کرایا اور اس میں یہ فیصلہ کیا کہ ایٹمی توانائی پاکستان میں پیدا کرنے کا انتظام کیا جائے اور اس سے ہر ممکنہ فوائد حاصل کئے جائیں اس اجلاس کے انعقاد کے انتظامات میں میرا کافی عمل دخل تھا۔

اس کانفرنس کے انعقاد سے عین پہلے نوبیل انعام یافتہ پاکستانی سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام نے مجھ سے ملاقات کی اور مجھے ایک خفیہ فائل تھماتے ہوئے اس پوری طرح پڑھ لینے کی خواہش ظاہر کی میرے ڈاکٹر صاحب سے دیرینہ مراسم تھے انہوں نے مجھ سے کہا فاروق مجھے معلوم ہے کہ صدر بھٹو سے آپ کے خصوصی تعلقات ہیں وہ آپ کی بات کو بغور سنتے اور مانتے ہیں اور آپ ان سے ہر معاملے پر کھل کر بات کر لیتے ہیں لہٰذا آپ انہیں اس امر پر آمادہ کرلیں کہ وہ ہمیں مطلوبہ فنڈز مہیا کریں اور ہم اپنے ملک میں ہی ایٹمی توانائی پیدا کرنا شروع کر دیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایٹم بم بھی بنانے لگیں۔ ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ 1961ء سے 1972ء تک ہمیں اس مقصد کے لئے فنڈز ہی مہیا نہیں کئے گئے۔ اگر ایسا ہوجاتا تو ہم اب سے بہت پہلے ایٹمی توانائی خود پیدا کرنا شروع کر چکے ہوتے۔ ایٹم بم بھی تیار کر چکے ہوتے۔

میں نے انہیں کہا کہ وہ اس سلسلہ میں قطعاً متفکر نہ ہوں جناب بھٹو پہلے ہی ان کے ہم فکر ہیں اور وہ بھی ایسا ہی چاہتے ہیں میں نے ڈاکٹر عبدالسلام کو یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ بھٹو صاحب مجھ سمیت اپنے قریبی ساتھیوں کے ساتھ ایک سے زائد بار اپنی اس تمنا کا اظہار کر چکے تھے۔''

(باب بھٹو اور ایٹمی پروگرام جمہوریت صبر طلب از صاحبزادہ فاروق علی خاں سابق سپیکر قومی اسمبلی ص 254)

دو بندے

پاکستان کے نامور ادیب جناب عبداللہ حسین نے اپنے انٹرویو میں ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں کہا۔

سوال :۔ اسلام کی تشریح کا بھی بڑا مسئلہ ہے کہ اس کی تشریح کون کرے! علماء کریں؟

عبداللہ حسین :۔ ایک عالم کی دوسرے عالم سے رائے ملتی ہی نہیں ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام کو ہم نے روڑے مار کر پاکستان سے نکال دیا اس پر اب غصہ اور رونا نہ آئے تو کیا ہو؟

پاکستان نے اب تک ساٹھ سالوں میں دو بندے پیدا کئے ایک تو ڈاکٹر عبدالسلام اور دوسرے مولانا عبدالستار ایدھی۔

(روزنامہ جنگ سنڈے میگزین 3-اگست 2008ء صفحہ 9)

ڈاکٹر عبدالسلام سے ہمارا ناروا سلوک

ڈیلی ٹائمز 22/ نومبر 2006ء میں شائع ہونے والے ایک ایڈیٹوریل کا اردو ترجمہ:

ڈاکٹر عبدالسلام (1926ء-1996ء) کی وفات آج سے دس برس قبل ہوئی۔ وہ پہلے پاکستانی تھے جنہیں 1979ء میں نوبیل انعام سے نوازا گیا۔ لیکن عین ممکن ہے کہ وہ آخری پاکستانی ہی ثابت ہوں اگر ہم باقی دنیا کے لئے ایک دہشت گرد قوم کے طور پر پہچانے جاتے رہے۔ ہماری اجتماعی نفسیات مروجہ نظریات کی سائنسی تحقیق کی نسبت زیادہ اہمیت دیتی ہے اور اگر بفرض محال ہم انفرادی طور پر دنیا کے سامنے کوئی غیر معمولی کارنامہ بھی کر دکھاتے ہیں تو دنیا ہم سے اتنی خوفزدہ ہے کہ ہمیں اس سے کسی پذیرائی کی امید نہیں رکھنی چاہئے۔ ہم ڈاکٹر عبدالسلام کو اعزاز دینے سے گھبراتے ہیں کہ ہمارا آئین ''جس میں ہم نے ترمیم کے ذریعے ان کی جماعت کو غیر مسلم قرار دیا ہے'' اس کی اجازت نہیں دیتا۔ جب ڈاکٹر عبدالسلام نے 1996ء میں رحلت فرمائی وہ اسی سرزمین میں مدفون ہوئے جس کی قومیت کو وہ ترک کرنے کیلئے تیار نہ تھے۔ حالانکہ دوسری شہریت، جس میں انہیں زیادہ عزت مل سکتی تھی، کے لئے وہ تیار نہ ہوئے۔ چونکہ پاکستانی انتظامیہ کے لوگ ان کی نعش مبارک کو چھونے کے لئے تیار نہ تھے لہٰذا ان کی تدفین ربوہ میں ہوئی جو ان کی احمدیہ جماعت کا مرکز ہے اور جس کا نام تک ہم نے گوارا نہ کرتے ہوئے سرکاری اعلانیہ کے ذریعہ چناب نگر رکھ دیا۔ لیکن قصہ یہاں پر ہی ختم نہیں ہوتا۔ ان کے سپرد خاک کرنے کے بعد ضلع جھنگ کے ''پرہیز گار'' اور ''قانون'' کا احترام کرنے والی انتظامیہ کے لوگ چناب نگر پہنچے اس بات کا اطمینان کرنے کے لئے آیا جماعت احمدیہ نے تمام کارروائی آئین کے مطابق سرانجام دی ہے۔

آئین اس سلسلہ میں کیا کہتا ہے؟ آئین کے مطابق احمدی مسلمان نہیں۔ وہ اپنے آپ کو مسلمان کہلانے کے مجاز نہیں ہیں اور نہ ہی کلمہ پڑھ سکتے ہیں اور نہ ہی اسلام کی کوئی اصطلاح استعمال کر سکتے ہیں آئین کی اصل ترمیم ذوالفقار علی بھٹو نے پاس کی جو کہ ایک روشن خیال جمہوریت پسند کہلاتا تھا۔ پھر اس کے بعد قانون کو مزید سخت بنانے کا سہرا جنرل ضیاء الحق جیسے ''عظیم محبّ وطن'' کے حصہ میں آتا ہے اس طرح ایک انتظامی سربراہ اور ایک فوجی حکمران دونوں نے ڈاکٹر عبدالسلام کے خلاف اس ساز باز میں برابر کا حصہ پایا۔

اس عظیم سائنسدان کی چناب نگر میں تدفین کے بعد کتبہ پر یہ الفاظ تحریر کئے گئے (عبدالسلام پہلے......نوبیل انعام یافتہ سائنسدان)۔ یہ بتانے کی چنداں ضرورت نہیں کہ پولیس مجسٹریٹ کے ہمراہ پہنچی اور مسلم کا لفظ مٹا دیا اور اب کتبہ پر یہ الفاظ ہیں۔ ''عبدالسلام پہلے نوبیل انعام یافتہ سائنسدان'' مجسٹریٹ اپنے اس فعل یا حرکت پر قطعاً نادم نہ ہوا۔ لیکن ڈاکٹر سلام کی قبر تو......ثقافت کا ایک یادگار ورثہ ہے جو کہ پاکستان نے اپنے بانی قائداعظم سے حاصل کیا لیکن قسمت کی ستم ظریفی نے پاکستان میں خوب اپنا رنگ دکھایا۔ مثال کے طور پر جھنگ شہر میں جہاں ڈاکٹر عبدالسلام ایک ہونہار بچے کے طور پر پروان چڑھے اور وہ سکول جنہیں

انہوں نے وظائف اور گرانٹ سے بھی نوازا تھا وہ اب فرقہ وارانہ نفرت کی تعلیم دیتے ہیں بجائے اس محبت کے جو روپیہ لیتے وقت ان کے دل میں تھی۔ اب صورتحال یہ ہے کہ احمدیہ جماعت ایک مستقل دباؤ کے تحت ہے اور ہر سر پھرے کو اُنہیں ایذا پہنچانے میں آزادی حاصل ہے۔

عبدالسلام 1926ء میں جھنگ شہر میں پیدا ہوئے۔ 17 سال کی عمر میں آپ نے میٹرک کا امتحان اعلیٰ ترین اعزاز کے ساتھ ریکارڈ قائم کرتے ہوئے پاس کیا۔ پورا شہر آپ کے استقبال کے لئے اُمڈ آیا انہیں وظیفہ سے نوازا گیا اور 1946ء میں انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے M.A کا امتحان پاس کیا۔ ایک وظیفہ حاصل کر کے سینٹ جان کالج کیمبرج میں داخل ہوئے جہاں سے انہوں نے حساب اور طبیعات میں فرسٹ کلاس فرسٹ رہ کر (B . A honour) کیا 1950ء میں فزکس میں ڈاکٹریٹ سے پہلے غیر معمولی کارکردگی کی بنا پر انہیں Smith Prize سے نوازا گیا۔ انہوں نے کیمبرج یونیورسٹی سے نظریاتی طبیعات میں Ph . D کی۔ ان کی Ph . D کا مقالہ 1951ء میں شائع ہوا جو Quantum electro dynamics کی بنیادی تحقیق پر مشتمل تھا اور جس کی وجہ سے وہ پہلے ہی بین الاقوامی شہرت حاصل کر چکے تھے۔

1954ء میں ڈاکٹر عبدالسلام نے کیمبرج یونیورسٹی میں بطور لیکچرار کام شروع کیا۔ پاکستانی سیاستدانوں کی طرف سے انہیں (مسلمانوں کے مروجہ عقیدہ سے انحراف کی بنا پر) ''مرتد'' قرار دینے سے پہلے وہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن، سائنٹیفک کمیشن آف پاکستان کے رکن تھے اور صدر پاکستان کے 1961ء سے 1974ء تک چیف سائنٹیفک ایڈوائزر رہے۔ پاکستان کے خلائی تحقیق کے ادارے SUPARCO کی بنیاد بھی انہی کی مرہون منت ہے اور یہ قابل ذکر بات ہے کہ SUPARCO میں کام کرنے والے شیعہ حضرات کے گروپ کو فرقہ وارانہ دہشت گردوں نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ ڈاکٹر سلام کی طرح بہت سے ہونہار شیعہ ڈاکٹرز کو ملک عجیب وغریب ناموافق پالیسی کی وجہ سے پاکستان چھوڑنا پڑا۔

ڈاکٹر عبدالسلام کو 1979ء میں فزکس میں نوبیل انعام ملا۔ یہ جنرل ضیاء کے لئے انتہائی پریشان کن لمحہ تھا۔ جس نے کہ آئین کی اس دوسری ترمیم کا اضافہ کیا تھا جس میں احمدیوں کو تنگ کرنے کے احمقانہ احکامات تھے۔ اسے اس عظیم سائنسدان کا استقبال کرنا پڑا اور ٹی وی پر ان کے ساتھ آنا پڑا۔ چونکہ اسلامی حکومت کے مذہبی عناصر پہلے ہی سیخ پا تھے لہٰذا انہیں ڈاکٹر سلام کی تقریر کے وہ حصے جس میں انہوں نے کلمہ اور دوسری اسلامی اصطلاحات کا ذکر کیا تھا حذف کرنا پڑے۔ یہ ڈاکٹر عبدالسلام کی خوش قسمتی تھی کہ ضیاء الحق کے ''مومنین'' میں سے کوئی ''مومن'' قانونی چارہ جوئی کے لئے عدالت میں نہ گیا وگرنہ یہ نوبیل انعام یافتہ سائنسدان چھ ماہ بامشقت کی سزا کا مستوجب ہوتا۔ اس کے بعد ڈاکٹر عبدالسلام بھارت گئے جہاں اُن کا پرجوش استقبال ہوا۔ وہ وہاں محض اپنے پرائمری سکول کے حساب کے استاد کو ملنے گئے جو اس وقت زندہ تھے۔ جب اُن کی ملاقات ہوئی تو ڈاکٹر عبدالسلام نے وہ میڈل اپنی گردن سے اُتار کر اُستاذ المکرّم کی گردن میں ڈال دیا۔

آیئے تھوڑی دیر کے لئے اس بات کا آہستگی سے ڈر کر ذکر کریں کہ چند سال پہلے پاکستانی حکومت نے ڈاکٹر عبدالسلام کا ایک یادگاری ٹکٹ جاری کیا تھا۔ لیکن ایسا نہ ہو کہ حکومت دباؤ میں آ کر اس کی اشاعت بند کر دے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ان کے مادر علمی یعنی گورنمنٹ کالج لاہور میں جو کہ اب یونیورسٹی ہے ان کے لمبے عرصے کی مذہبی تنگ نظری کے بعد اپنے بعض شعبوں اور اکیڈیمک سیشنز کو ان کے نام منسوب کر دیا گیا ہے۔ لیکن پاکستان کو اپنے احساس جرم کا اعتراف کرنا ہوگا جو اُس نے اس عظیم سائنسدان کے ساتھ روا رکھا تھا۔ ...... کیا ہم آج ڈاکٹر عبدالسلام کی دسویں برسی کے موقع پر اس ناروا سلوک کی تلافی کے لئے کچھ کر سکتے ہیں تا کہ ترسائی روح کو تسکین پہنچائی جا سکے اور اس طرح اپنی صفائی کی جا سکے؟

(ڈیلی ٹائمز 22 نومبر 2006ء)

حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان کی وقف عارضی کی مساعی

1968ء میں حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ارشاد کے مطابق وقف عارضی کا عرصہ ڈنمارک میں گزارا۔ ان کے کام کی رپورٹ محترم سید کمال یوسف صاحب امام بیت نصرت جہاں کوپن ہیگن کی طرف سے الفضل 8 ستمبر 1968ء میں شائع ہوئی۔ اس کو دوبارہ شائع کیا جا رہا ہے۔

کارروائی وفد رقم 4771

وقف عارضی

(17 جولائی 1968ء تا 27 جولائی 1968ء)

یہ عشرہ محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب نے بیت نصرت جہاں جماعت احمدیہ ڈنمارک میں وقف عارضی کے منصوبہ کے مطابق گزارا۔ گزشتہ سال انہی دنوں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بیت نصرت جہاں کے افتتاح کے سلسلہ میں یہاں قیام فرما ہو کر جماعت کے لئے غیر معمولی برکات کا موجب ہوئے۔ یہ حسن اتفاق خداتعالیٰ کا احسان نظر آتا ہے کہ ایک طرف تو حضور کے فدائی اور دین کے مخلص خادم محترم چوہدری صاحب موصوف پہلے واقف عارضی کی حیثیت سے یہاں تشریف لائے اور دوسری طرف یورپ کے نو احمدیوں میں سے پہلے سویڈش احمدی غلام احمد صاحب وقف عارضی کے فریضہ کے لئے انہی دنوں ایشیا کے ایک ملک میں تشریف لے گئے۔

جہاں تک محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب کو ذاتی طور پر اس سے فیض پہنچا اس کا ذکر انہوں نے اپنی رپورٹ میں فرما دیا ہے جو الفضل میں شائع ہو چکی ہے۔ جماعت احمدیہ سکنڈے نیویا نے کس حد تک اس مبارک تحریک سے استفادہ کیا ہے اس کا ان سطور میں ذکر کیا جاتا ہے۔

عصر اور مغرب کی نماز کا درمیانی عرصہ سات بجے سے نو بجے تک (بجز ایک روز کے) روزانہ سوال و جواب کی مجلس ہوتی رہی جس میں چوہدری صاحب موصوف حاضرین کے سوالات کے جواب دیتے رہے جو حاضرین کی علمی وسعت اور روحانی تشفی کا موجب ہوئے۔

اس مجلس میں سکنڈے نیوین احمدی بھائی اور بہنوں کے علاوہ مصری، شامی، لبنانی، ترکی، افغانی، پاکستانی بھائیوں کے علاوہ عیسائی اور ہندو بھی شامل ہوتے رہے۔ ظہر اور شام کے کھانے پر دین حق سے دلچسپی رکھنے والے دوستوں کو بلایا گیا اور مکرم چوہدری صاحب کو انہیں دعوت الی اللہ کا موقع ملتا رہا۔

اس بات کو بھی مدنظر رکھا گیا کہ زیادہ سے زیادہ دوست بیت کے ملحقہ رہائشی مکان میں قیام فرما کر نماز باجماعت (فجر کی نماز ان دنوں ساڑھے تین بجے ہوتی رہی) کے علاوہ آپ کی صحبت سے اپنے اپنے ظرف اور توفیق کے مطابق فیض حاصل کر سکیں۔

آپ نے دو خطبات جمعہ دیئے جن میں جماعت کو ذمہ داریوں کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ غیر از جماعت کے لئے بھی یہ خطبات بہت دلچسپی کا موجب ہوئے۔ نمازوں میں ان ایام میں غیر معمولی طور پر زیادہ حاضری رہی۔

عیسائی پادریوں کا ایک وفد آپ سے تبادلہ خیالات کے لئے آیا۔ اس نے خصوصیت سے احمدیت میں خلافت کا مقام، بانی سلسلہ کی تفسیر قرآن کا مقام اور اسلامی ملکوں میں عیسائی اقلیتوں کے حقوق کے متعلق استفسارات کئے۔ وفد پر بہت ہی خوشکن اثر ہوا جس کا انہوں نے بعد میں خاکسار اور بعض اور دوستوں کے سامنے اظہار کیا۔

عرب ڈینش سوسائٹی کا ایک وفد بھی ملاقات کے لئے آیا اسے بتایا گیا کہ عرب مسائل کا حل یہی ہے کہ وہ حقیقی ایمان باللہ پیدا کریں۔

عیسائیوں کے واحد روزنامہ کے مدیر نے مکرم چوہدری صاحب کا ایک خاص انٹرویو لیا جو نمایاں صفحہ پر شائع ہوا۔

یہ تو وہ مساعی ہیں جو بیت نصرت جہاں میں ہوئیں۔ بیت سے باہر کی مصروفیات یہ ہیں۔

محترم چوہدری صاحب مکرمی نثار احمد خان صاحب نو احمدی، مکرمی ہانس صاحب جنہوں نے ابھی بیعت نہیں کی اور عبدالرحمٰن خان صاحب جو مخلص احمدی خاندان سے ہیں کے گھروں میں تشریف لے گئے اور دعوت الی اللہ فرمائی۔ مکرم محمد ادریس خان صاحب بنگش نو احمدی (جو دعوت الی اللہ کا جوش رکھتے ہیں) نے ایلی نور انٹرنیشنل کالج میں محترم چوہدری صاحب کی تقریر ''دین میں انسانی حقوق کا تحفظ'' کے موضوع پر کرانے کا انتظام کیا۔ تقریر خداتعالیٰ کے فضل سے کامیاب رہی اور پریس میں بھی آئی۔

مکرمی شاکر حسین صاحب۔ مکرمی مبارک احمد صاحب، مکرمی ڈاکٹر عبدالباسط صاحب نے جمعہ کی شام کو آنمحترم کو الوداعی کھانا دیا۔

آخری روز ڈنمارک کے پادریوں اور عیسائیت کے طلباء کی ایک غیر معمولی کانفرنس میں جس میں ڈنمارک، ناروے، سویڈن اور دور دراز ممالک کے 500 عیسائی نمائندے شامل تھے محترم چوہدری صاحب نے تقریر فرمائی اور بتایا کہ دنیا کے موجودہ اخلاقی مذہبی اور روحانی مسائل کا واحد حل دین حق قبول کرنے میں ہے اس طرح سارے ملک کے مذہبی حلقوں کے ذمہ دار طبقہ تک دین کا پیغام پہنچ گیا۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور اخبارات میں بھی اس کا ذکر آیا۔

سارا ہی عرصہ دعاؤں سے شغف رہا۔ سامعین کی علمی وسعت کے ساتھ ساتھ روحانی جلا کے سامان پیدا ہوتے رہے۔ اکثر دوستوں نے اپنے اندر بیداری اور روحانی ترقی محسوس کی۔ اللہ تعالیٰ اپنی جناب سے محترم چوہدری صاحب موصوف کو جزائے خیر سے نوازے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تحریک وقف عارضی خداتعالیٰ کے فضل سے روح کی پرورش جماعت کی تربیت و بیداری اور دعوت الی اللہ کے لئے یہاں بھی بہت مفید ثابت ہوئی۔

سچی لگن منزل تک پہنچا دیتی ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

زبان سے دعویٰ کرنا کہ میں نجات پا گیا ہوں یا خداتعالیٰ سے قوی رشتہ پیدا ہو گیا ہے۔ آسان ہے لیکن خداتعالیٰ دیکھتا ہے کہ وہ کہاں تک ان تمام باتوں سے الگ ہو گیا ہے جن سے الگ ہونا ضروری ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ جو ڈھونڈتا ہے وہ پا لیتا ہے۔ سچے دل سے قدم رکھنے والے کامیاب ہو جاتے ہیں اور منزل مقصود تک پہنچ جاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص 492)

محترم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ قادیان

جامعہ احمدیہ قادیان کی یادیں

ماہِ جون 1962ء میں خاکسار حیدر آباد سے قادیان پہنچا اور جامعہ احمدیہ کی پہلی کلاس میں داخل ہوا۔ اس زمانہ میں ہر وظیفہ خوار طالب علم کو یہ معاہدہ کرنا ہوتا تھا کہ وہ تعلیم سے فراغت کے بعد کم از کم دس سال تک سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کرنے کا پابند ہو گا بصورت دیگر وظیفہ واپس کرنا ہو گا۔ خلافت رابعہ کے دور میں یہ شرط ختم کر کے یہ پابندی عائد کی گئی کہ کسی معاہدہ کی ضرورت نہیں آئندہ زندگی وقف کرنے والا ہی جامعہ احمدیہ میں داخل ہو سکے گا۔ چنانچہ آج تک اسی کے مطابق عمل ہو رہا ہے۔

چھ سال کا نصاب تھا اور آخر میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کرنا ہوتا تھا جس میں تفسیر القرآن۔ منطق۔ فلسفہ اور فقہ اور ادب عربی کی نہایت دقیق اور ضخیم کتب ہوا کرتی تھیں اور یہ امتحان بھی پنجاب کی ماہ جون کی گرمیوں میں ہوا کرتا تھا۔ پڑھ پڑھ کر ہمارا برا حال ہوتا تھا۔ لنگر خانہ سے دو وقت کھانا ملتا تھا۔ جس میں صبح کے وقت روٹی اور دال اور شام کے وقت روٹی اور کوئی سالن صبح کے وقت جو روٹی دال ملتی تھی، اسی میں سے دوپہر کے لئے کچھ بچا کر رکھ لیتے تھے۔ قادیان وارد ہونے کے چند دن بعد شام کا کھانا لے کر خوش خوش آیا کہ آج تو شوربے میں تلا ہوا انڈا پڑا ہے۔ منہ میں ڈالا تو سخت کڑوا۔ کیونکہ وہ انڈا نہیں بلکہ کریلہ تھا۔

ماہوار -/27 روپے وظیفہ ملا کرتا تھا۔ جس میں سے 20/22 روپے تو کھانے کا بل آ جاتا تھا باقی پانچ سات روپے، چائے، دودھ صابن وغیرہ دیگر متفرق ضروریات کے لئے بچتے تھے۔ مگر اس قلیل گزارے میں بھی بڑی برکت تھی۔ بورڈنگ کے طلباء پرائیویٹ طور پر سوجی کا حلوہ وغیرہ مل جل کر بناتے رہتے۔ بورڈنگ اور سکول کے کمرے کچے ہوتے تھے۔ بجلی تو تھی لیکن پنکھے نہیں تھے صرف چند بلب تھے۔ اللہ بھلا کرے ایک مخیّر دوست مکرم سیٹھ محمد صدیق صاحب بانی مرحوم آف کلکتہ کا جنہوں نے بورڈنگ میں پنکھے اور ٹیوب لائٹس لگوائیں۔ انجمن کا بجٹ اس زمانہ میں بہت محدود تھا۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ خاکسار جب 1968ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ ہو کر جامعہ ہی میں بطور استاد مقرر ہوا تو پہلے سال ماہوار تنخواہ -/70 روپے ملا کرتی تھی۔ دوسرے سال -/100 روپے ہوئی۔ یہ تو ہوا تصویر کا ایک رخ۔

تعلیم وتربیت کے نرالے انداز

اب دوسرا رخ بھی ملاحظہ فرمایئے تعلیم و تربیت کا۔ اس وقت مکرم مولانا محمد ابراہیم صاحب قادیانی درویش مرحوم ہیڈ ماسٹر اور بورڈنگ کے سپرنٹنڈنٹ اور مکرم مولوی عطاء اللہ خان صاحب درویش مرحوم ٹیوٹر ہوتے تھے اور مکرم مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری صاحب درویش مرحوم اور مکرم مولوی محمد یوسف صاحب درویش اور مکرم مولوی محمد عمر علی صاحب درویش وغیرہ سینیئر اساتذہ میں سے تھے۔ مکرم مولانا محمد ابراہیم صاحب قادیانی بڑے محنتی ہونے کے ساتھ ساتھ بہت سخت بھی تھے۔ سکول کے اوقات کے بعد بھی طلباء کی حرکات وسکنات پر کڑی نظر رکھتے تھے۔ ایک عہدیدار ایک طالب علم کے گلے میں ہاتھ ڈال کر بات کر رہے تھے۔ موصوف پاس سے گزر رہے تھے اس عہدیدار کو ڈانٹ دیا کہ یہ طریق نامناسب ہے۔ بڑی کلاسوں کے سینیئر طلباء بھی مولانا صاحب کے رعب سے کانپتے تھے۔ مگر ان کی بے لوث خدمات اور نہایت توجہ اور پوری محنت سے تدریس کو آج بھی یاد کرتے ہیں تو دل سے دعا نکلتی ہے۔ مکرم مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری مرحوم کا ایک الگ رنگ تھا وہ بھی عجیب واقف زندگی تھے دن رات علمی کاموں میں مصروف رہتے۔ مرحوم کے ساتھ جب کہ وہ جامعہ کے ہیڈ ماسٹر اور اخبار بدر کے مدیر تھے۔ خاکسار کو لمبا عرصہ جامعہ میں بطور استاد اور نائب مدیر خدمت کا موقع ملا۔ بڑی شفقت اور پُر حکمت طریق سے خاکسار کی تربیت فرمائی۔ اسی طرح دیگر اساتذہ بھی محبت اور شفقت سے پڑھانے والے تھے اور سب سے بڑھ کر یہ طلباء کے لئے دعائیں بھی کرنے والے تھے۔

ایک خاص بات یہ ہے کہ اس دور میں طلباء کے اندر علمی قابلیت بڑھانے کا جذبہ خوب تھا۔ جیسا کہ میں نے ابتداء میں عرض کیا ہے، منطق، فلسفہ، ادب عربی، صرف ونحو وغیرہ کی دقیق و ضخیم کتب ہوا کرتی تھیں لیکن علم کلام کی کتب کم ہی شامل نصاب تھیں۔ خلافت ثالثہ کے دور میں نیا نصاب لاگو ہوا جس میں علم کلام کی کتب وغیرہ زائد کی گئیں۔ ہمارے دور میں طلباء نصاب کے علاوہ سلسلہ کی کتب کا کافی مطالعہ کرتے تھے۔ ایک دوسرے سے مسابقت کی روح بھی بہت تھی۔ امتحانات کے قریب تو رات رات بھر کمروں کی لائٹیں جلتی رہتی تھیں۔ بعض طلباء جو پڑھتے رہتے تھے ان کی یہ ڈیوٹی تھی کہ جب وہ سونے لگیں تو دوسرے ساتھیوں کو جگا دیا کریں۔ بعض اوقات مقابلہ کے ساتھیوں کو پیچھے کرنے کی غرض سے یہ بھی ترکیب کی جاتی تھی کہ نماز فجر کے بعد آ کر رضائی اوڑھ کر لیٹ جاتے اور دوسرا ساتھی یہ دیکھ کر میرا مقابل تو سو گیا ہے چلو میں بھی آرام کر لوں، سو جاتا۔ تب پہلا ساتھی جو بناوٹی طور پر سویا پڑا تھا چپکے سے اٹھ کر کتاب لے کر بہشتی مقبرہ وغیرہ کی طرف نکل جاتا۔

نوافل ودعا کی رغبت

پھر نمازوں اور دعاؤں کا بھی خاصا شغف تھا۔ دو تہائی رات گزرنے کے بعد ایک آواز محلّہ احمدیہ کی گلیوں میں سنائی دیتی تھی کہ:

چل رہی ہے نسیم رحمت کی
جو دعا کیجئے قبول ہے آج

یہ ہمارے سید محمد شریف صاحب درویش مرحوم تھے جو بلا ناغہ تہجد سے قبل محلّہ احمدیہ میں گھوم پھر کر یہ شعر بلند آواز سے پڑھا کرتے تھے۔ جن سے نوافل کے دلدادہ اٹھ کھڑے ہوتے تھے۔

مکرم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد اور مکرم مولانا محمد عمر صاحب وغیرہ تو خاکسار کے جامعہ میں داخل ہونے کے وقت فارغ التحصیل ہو چکے تھے۔ آگے مکرم مولوی غلام نبی صاحب نیاز۔ مکرم مولوی عبدالحلیم صاحب۔ مکرم مولوی حمید الدین صاحب شمس مرحوم، مکرم مولوی سلطان احمد صاحب ظفر اور مکرم رفیق احمد صاحب مالاباری وغیرہ میرے ساتھی یا ایک دو سال پیچھے کی کلاسوں میں زیر تعلیم تھے۔ بڑا اچھا وقت گزارا اور نہایت حسین یادیں ہیں اس چھ سالہ دور کی۔ تفصیل کی گنجائش نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خلافت رابعہ کے عہد مبارک ہی سے جامعہ احمدیہ اور بورڈنگ کے حالات بہت بدل گئے ہیں۔ ماہوار وظیفہ -/27 روپے کی جگہ ماہوار ہزار بارہ سو روپے ہو گیا ہے اور بورڈنگ میں ہر طرح کی سہولت کھانے پینے اور رہنے سہنے کی حاصل کی ہو گئی ہے اور اب تو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت براہ راست جامعہ احمدیہ کی نگرانی فرما رہے ہیں اور طلباء کی جسمانی۔ علمی۔ ذہنی اور روحانی معیار کو بلند تر کرنے کے لئے ہدایات اور دعاؤں سے نواز رہے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہم سب حضور انور کی اعلیٰ توقعات کو پورا کرنے والے ہوں۔ آمین

☆......☆......☆

خلافت کا رتبہ

دیکھئے معجزہ خلافت کا — زندہ ہے اک خدا خلافت کا
مر گئے اپنی موت سب شدّاد — ہے مگر سلسلہ خلافت کا
وقت کے جبر میں رہا موجود — ہر نشاں بولتا خلافت کا
چل رہی ہیں ہوائیں تیز مگر — جل رہا ہے دیا خلافت کا
ہر گھڑی ساتھ ہے وہی اس کے — رہنما ہے خدا خلافت کا
ہم تو مر جائیں ایک لمحے میں — گر نہ ہو آسرا خلافت کا
دلنشیں، دلپذیر، دلآویز — اک حسیں دلربا خلافت کا
صدقے جایئے وجود پر اس کے — بار جس سے اٹھا خلافت کا
نیچا ہے ہر مقام دانائی — اونچا ہے مرتبہ خلافت کا
قدر جس نے بھی کی خلافت کی — فیض اس کو ملا خلافت کا

ناصر احمد سید

بائنری سسٹم کیا ہے؟

بائنری سسٹم یا جوڑے دار نظام۔ اعداد کا ایک نظام جو صرف دو ہندسے یعنی 0 اور 1 استعمال کرتا ہے۔ اعداد کو اعشاری نظام کے برعکس 10 کی پاورز کی بجائے 2 کی پاورز میں بیان کیا جاتا ہے۔ بائنری نوٹیشن میں 2 کو 10، 3 کو 11، 4 کو 100 اور 5 کو 101 لکھا جاتا ہے۔ کمپیوٹرز یہی نظام استعمال کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ الیکٹرانک آلات دو سوئچنگ پوزیشنوں (آن اور آف) کے لئے بائنری نوٹیشن سے ہی کام لیتے ہیں۔

ماخوذ

برقی آلات کے صحیح استعمال سے بجلی بچائیے

پنکھے

انسان سمیت تمام جاندار حرارت پیدا کرتے ہیں۔ یہ حرارت گرم ہوا کے "پیکٹوں" کی صورت انسان کے اردگرد جمع ہوتی رہتی ہے۔ سردیوں میں تو یہ گرم ہوا انسان کو سردی سے محفوظ رکھتی ہے لیکن گرمیوں میں اسے گرمی کا احساس دلاتی ہے۔ جب پنکھا چلتا ہے تو وہ یہی گرم ہوا اڑا دیتا ہے۔ یوں پھر ہم فرحت محسوس کرتے ہیں۔ گویا پنکھے کی ہوا سرد نہیں ہوتی بلکہ وہ ہماری حرارت دور کر کے ہمیں خوشگوار احساس دلاتا ہے۔ اسی عمل سے گرم کھانا پھونک مارنے پر ٹھنڈا ہوتا ہے۔ ہماری پھونک سرد نہیں ہوتی بلکہ وہ کھانے کی حرارت کو منتشر کر دیتی ہے۔

پنکھا عام طور پر چلتے ہوئے زیادہ بجلی نہیں کھاتا مگر وہ دن کے بیشتر عرصے پوری رفتار سے چلے تو ظاہر ہے بجلی کا بل بڑھ جاتا ہے۔ پنکھے اور کولر میں زیادہ فرق نہیں، تاہم کولر پانی بھی کثیر مقدار میں خرچ کرتا ہے۔

یہ یقینی بنائیے کہ پنکھے کے بلیڈ صحیح لگے ہیں اور ہوا نیچے یا سامنے پھینک رہے ہیں۔ اگر ہوا چھت کی طرف جائے، تو پنکھا وہاں کی گرم ہوا نیچے پھینک کر کمرے میں مزید گرمی پیدا کر دیتا ہے۔ یہ بھی یاد رکھئے کہ سوتے ہوئے کمرے کی کھڑکیاں کھول دیجئے تا کہ زیادہ اور نسبتاً ٹھنڈی ہوا اندر آ سکے۔ تاہم صبح سورج نکلنے کے بعد بند کر دیجئے۔

کمپیوٹر

آجکل گھروں اور دفاتر میں کمپیوٹر (مانیٹرز، پرنٹر وغیرہ) بھی عام ہو گئے ہیں۔ ان کا غیر ضروری استعمال بھی بجلی کا بل بڑھا دیتا ہے۔ یہ ضروری بنائیے کہ اگر آپ کے کمپیوٹر میں "پاور مینجمنٹ" کا نظام ہے، تو اسے آن کر دیں۔ نیز سکرین سیور چلانے کی بجائے یہ نظام چنئے کہ کمپیوٹر استعمال میں نہ ہو تو مانیٹر ایک منٹ بعد بند ہو جائے۔

واشنگ مشین

کپڑے دھونے کے لئے اب اکثر گھروں میں واشنگ مشین استعمال ہوتی ہے۔ اس کا صحیح استعمال بھی بجلی بچا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کم کپڑے ڈال کر کبھی مشین نہ چلایئے بلکہ ٹب کو مناسب حد تک بھر دیں یوں کم بار چلانے سے سارے کپڑے دھل جائیں گے۔ موسم اجازت دے تو باہر کپڑے دھویئے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جس مشین کا دروازہ سائیڈ پر ہوتا ہے وہ بجلی کی بچت کے سلسلے میں زیادہ بہتر ہے۔

اگر خاتون خانہ کم کپڑے دھونے کا منصوبہ رکھتی ہیں تو وہ مشین میں پانی کم رکھیں، اس طرح کپڑے بخوبی دھلتے ہیں۔ یہ عمل خصوصاً اس وقت مفید ہے جب پانی کی کمی ہو۔

کئی گھرانوں میں کپڑے خشک کرنے کے لئے ڈرائر موجود ہیں۔ یہ مشینی آلہ بھی بہت بجلی کھاتا ہے۔ لہٰذا اس کے استعمال میں احتیاط برتیں۔ بہتر ہے کہ اسے اسی وقت استعمال کیا جائے جب بارش ہو۔ عام حالات میں کپڑے دھوپ میں سکھایئے۔ ویسے بھی مشینی طور پر سکھانا کپڑوں کی عمر کم کر دیتا ہے۔

مائیکروویواوون

پاکستان میں برقی چولہے تو عام نہیں مگر مائیکروویو اوون کا استعمال لاکھوں گھروں میں ہونے لگا ہے۔ ان دونوں برقی اشیاء کے مابین بڑا فرق یہ ہے کہ مائیکروویو اوون برقی چولہے کی نسبت 50 فیصد تک کم بجلی کھاتا ہے لہٰذا بجلی کے اس بحران میں برقی چولہوں کا استعمال کسی بھی طرح ملک و قوم کے لئے سودمند نہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں تو اب لائٹ ویو اوون کا استعمال عام ہو گیا ہے۔ ان اوونوں میں ٹنگسٹن/ہالوجن لیمپ لگے ہوتے ہیں۔ یہ لیمپ غذا کے اندرون و بیرون کو اپنی لہروں کے ذریعے جلد پکا دیتے ہیں اور یوں بجلی و وقت کی بچت کرتے ہیں۔

انسولیشن

گھروں کی چھتوں اور دیواروں پر انسولیشن کرانا بھی سورج کی حدت اور سردی سے چھٹکارا پانے کا سہل طریقہ ہے۔ موسم گرما میں یوں اے سی کو کمرا ٹھنڈا کرنے کے لئے کم زور لگانا پڑتا ہے۔ کیونکہ دیواریں زیادہ گرم نہیں ہوتیں۔ دوسری طرف موسم گرما میں ہیٹر جلد کمرے کو گرم کر دیتا ہے۔ غرض جو حضرات نئے گھر تعمیر کرا رہے ہیں، وہ چھتوں اور ان دیواروں پر خصوصاً انسولیشن کرائیں جن پر دھوپ براہ راست پڑتی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اس طرح 30 تا 50 فیصد توانائی بچ سکتی ہے۔

مزید برآں گھروں پر ہلکے رنگ کا روغن کرایئے۔ سائنسی تحقیق کی رو سے گہرے رنگ ہلکے رنگوں کی نسبت اے سی کا بل 20 فیصد تک بڑھا دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ گھر میں مناسب جگہ درخت لگایئے۔ وہ بھی گھر کا درجہ حرارت کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

کھڑکیاں اور دروازے

کمرے کی ٹھنڈک یا حرارت عام طور پر کھڑکیوں اور دروازوں کی غیر ضروری درزوں سے غائب ہوتی ہے۔ گرمیوں میں کھڑکیوں اور دروازوں پر چِقیں ڈالیں جو کمرے کی ٹھنڈک فرار نہیں ہونے دیتیں، نیز باہر کی حرارت اندر نہیں آ پاتی۔ کھڑکیوں، دروازوں اور دیواروں کے تمام غیر ضروری سوراخ بند کر دیجئے ورنہ اے سی (اور ہیٹر) کو زیادہ مشقت کرنا پڑے گی۔ اور یوں بجلی کا بل بھی زیادہ آئے گا۔ گرمیوں میں دھوپ براہ راست کمرے میں نہ آنے دیں کیونکہ وہ 10 تا 20 ڈگری درجہ حرارت بڑھا دیتی ہے۔

سٹینڈ بائی

ہمارے گھروں میں ایسے کچھ برقی آلات ہوتے ہیں جنہیں "سٹینڈ بائی" حالت میں رکھ کر یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ بجلی استعمال نہیں کر رہے۔ یہ ایک بڑا مغالطہ ہے۔ درحقیقت وہ چپکے چپکے اچھی خاصی بجلی استعمال کرتے ہیں اور جب ایک سال کی اس بجلی کو جمع کیا جائے تو وہ ہزاروں روپوں کی بن جاتی ہے۔

لہٰذا بجلی کے اس بحرانی دور میں اب کسی برقی آلے کو سٹینڈ بائی موڈ میں نہ رکھئے۔ ایسے آلات میں ٹی وی، پرنٹر، اے سی، کمپیوٹر، ڈی وی ڈی پلیئر اور گھڑیاں نمایاں ہیں۔ کئی لوگ کمپیوٹر اس وجہ سے بند نہیں کرتے کہ دوبارہ چلانے سے وقت ضائع ہوگا۔ تاہم آپ ایک گھنٹے کے لئے اٹھ رہے ہیں تو لازماً کمپیوٹر بند کر دیں اور مانیٹر بھی۔

ہاتھ استعمال کریں

کئی خواتین و حضرات چھوٹے چھوٹے کاموں کے لئے بھی برقی آلات استعمال کرتے ہیں۔ یوں ایک تو بجلی کا بل بڑھتا ہے، دوسرے انسان محنت مشقت کا عادی نہیں رہتا۔ تیسرے وہ فطرت سے دور ہو جاتا ہے۔ فطرت نے ہاتھ پاؤں کام کرنے کے لئے ہی دیئے ہیں، ان سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایئے اور مصنوعی زندگی سے پیچھا چھڑایئے۔

بڑے سٹور کیسے بجلی بچائیں

شہروں میں بڑے بڑے سٹور یا پرچون کی دکانیں عام ہو گئی ہیں۔ ذیل میں وہ اقدامات دیئے جا رہے ہیں جن سے سٹوروں، بڑی دکانوں اور شاپنگ پلازہ کے مالکان بجلی بچا سکتے ہیں۔ یوں ملک و قوم اور ان کی جیب دونوں کو فائدہ ہوگا۔

☆جب کاروباری سرگرمیاں بند یا ہلکی ہوں تو اے سی مت چلائیں یا انہیں بہت ہلکا کر دیں۔

☆سٹور بند کرنے سے ایک آدھ گھنٹہ قبل اے سی بند کر دیں۔

☆بلب اور ٹیوب لائٹس سوچ سمجھ کر جلائیں، غیر ضروری بتیاں جلانے سے پرہیز کریں۔

☆بجلی کم استعمال کرنے والے بلب استعمال کریں۔ روزانہ بلبوں کی صفائی کرائیں تا کہ وہ گرد و غبار سے پاک رہیں۔

☆سٹور بند کرتے ہوئے تمام برقی آلات بند کر دیں۔

نجی و سرکاری دفاتر

☆دن کے وقت فطری روشنی سے بھرپور فائدہ اٹھائیں تا کہ غیر ضروری بلب نہ جلانا پڑیں۔ بلب بھی انرجی سیور ہونے چاہئیں۔

☆اے سی اندھا دھند استعمال نہ کریں۔ آدھ ایک گھنٹہ کمرے سے باہر رہنا ہو تو بند کر دیں۔ نیز تمام روشنیاں بھی بجھا دیں۔

☆برقی آلات مثلاً کمپیوٹر کی عمر بڑھانے کے لئے اے سی چلائے رکھنا بے فائدہ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ بجلی کی لاگت بچت سے کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔

ہوٹل اور ریستوران

☆چاق و چوبند عملہ رکھیں جو باقاعدگی سے کمروں کا جائزہ لے اور یہ دیکھے کہ کہیں کوئی اے سی اور بتیاں بے فائدہ تو نہیں جل رہیں، کوئی برقی آلہ تو نہیں چل رہا۔ اس طریقے سے بجلی فضول ضائع ہونے کو روکا جا سکتا ہے۔

☆گاہکوں کو راغب کرنے کے لئے غیر ضروری طور پر بتیاں استعمال نہ کریں۔ گاہک اچھے کھانوں کے باعث بار بار آتا ہے، وہ ظاہری چکاچوند سے عموماً متاثر نہیں ہوتا۔ نیز انرجی سیور بلب اپنائیں۔ عوامی مقامات پر اگر لوگ کم ہیں، تو اے سی ہلکا کر کے بجلی (اور بل) کی بچت کریں۔

☆رات کو تمام غیر ضروری برقی آلات بند کر دیں۔

(ایکسپریس سپیشل 4 مئی 2008ء)

تعلیم ایک بڑا نشان ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

میرے نزدیک اشاعت مذہب کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ وہ مذہب اپنی خوبیوں اور حسن کی وجہ سے خود ہی روح کے اندر چلا جاوے اور اس کے لئے بیرونی کوشش کرنی نہ پڑے۔ مثلاً بعض چیزیں ایسی ہیں کہ وہ اپنی روشنی کی وجہ سے خود بخود نظر آتی ہیں۔ جیسے سورج، چاند، ستارے وغیرہ اور ایک وہ چیزیں ہیں جو ان روشنیوں کے بغیر نظر ہی نہیں آ سکتی ہیں۔ مثلاً چرند پرند وغیرہ کو ہم نہیں دیکھ سکتے، جب تک روشنی نہ آوے۔ پس سچا مذہب اپنی روشنی اور حقانیت و صداقت کے نور سے خود بخود شناخت ہو کر روحوں میں اترتا جاتا ہے اور دلوں کو اپنی طرف کھینچتا جاتا ہے۔ اسی لئے میں نے کہا تھا کہ تعلیم ایک بڑا نشان ہے۔ جس مذہب کے ساتھ تعلیم کا نشان نہیں ہوتا۔ اس کے دوسرے نشان فائدہ پہنچا نہیں سکتے۔ آسمانی تعلیم اپنے اندر ایک روشنی اور نور رکھتی ہے۔ وہ انسانی طریقوں سے بالاتر ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 491)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 89433 میں

Ahmad Arif Amoah

ولد Ishaque K.Kom قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 53 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 4-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/25 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ahmad Arif Amoah گواہ شد نمبر 1 Abdul.K.Amoah۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul.R.Musah

مسل نمبر 89434 میں Adam.K.Baidoo

ولد Adam Kofi Aliu قوم ...... پیشہ کارپینٹر عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 8-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 1/2 ایکڑ زرعی فارم مالیتی -/100 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/70 غانین کرنسی ماہوار بصورت کارپینٹر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Adam.K.Baidoo۔ گواہ شد نمبر 1 Adam.K. Amoah۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul Rahim Musah

مسل نمبر 89435 میں Shuaib K Mensah

ولد Ahmad Otsibu قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 80 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 6-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Shuaib K Mensah۔ گواہ شد نمبر 1 Ahmad Ibrahim Mensah۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul Rahim Musah

مسل نمبر 89436 میں Hannah Nuhu

زوجہ Ahmad Saeed Anderson قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 8-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/10 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/15 غانین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Hannah Nuhu۔ گواہ شد نمبر 1 Adam.K. Amoah۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul Rahim Musah

مسل نمبر 89437 میں

Ishaque Abubakar

ولد Abubakar Kwame قوم ...... پیشہ فارمر عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 5-3-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 15 ایکڑ مالیتی 100 ملین غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 غانین کرنسی سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ishaque Abubakar۔ گواہ شد نمبر 1 Alhassan Abubakar۔ گواہ شد نمبر 2 Ibrahim

مسل نمبر 89438 میں

Abubakabr Kwame

ولد kweku Jato قوم ...... پیشہ فارمر عمر 61 سال بیعت 1960ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 12-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/15 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Abubakar Kwame۔ گواہ شد نمبر 1 Abubakar Ishaque۔ گواہ شد نمبر 2 Ibrahim Bin Nkum

مسل نمبر 89439 میں

Muhammad Yasin

ولد Ibrahim Saeed قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-3-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/15 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Yasin۔ گواہ شد نمبر 1 Malilk Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89440 میں

Muhammad Occram

ولد Sadique Kwake Baako قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-8-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Occram گواہ شد نمبر 1 Mustapha۔ گواہ شد نمبر 2 Malik Quainoo

مسل نمبر 89441 میں Alhassan Payin

ولد Ismael Kweku Nyera قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/15 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Alhassan Payin۔ گواہ شد نمبر 1 Malik Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89442 میں

Dawood Ibrahim Donkoh

ولد Ibrahim Kwasi Donkoh قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 29-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی کمرہ مالیتی -/1000 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/60 غانین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Dawood Ibrahim Donkoh۔ گواہ شد نمبر 1 Malik Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89443 میں Ibrahim Yahya

ولد Ibrahim Kwasi Donkoh قوم ...... پیشہ میسن عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-3-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ibrahim Yahya۔ گواہ شد نمبر 1 Malik Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89444 میں Sarah Donkoh

بنت Kobina Donkoh قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 75 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-3-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10 غانین کرنسی ماہوار بصورت ...... مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Sarah Donkoh۔ گواہ شد نمبر 1 Malik Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89445 میں

Sarah Hammond

بنت Jibrael Hammond قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 30-4-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20 غانین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Sarah Hammond۔ گواہ شد نمبر 1 Malik Quainoo۔ گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 89446 میں Issah Baidoo

